بسم اللہ الرحمن الرحیم

Declining Balance Co-Ownership Home Acquisition Program

Fatwa on Disclosures

عرضداشت پر فتوی

الحمد لله رب العالمين ، والصلاة والسلام على خاتم الأنبياء والمرسلين ،

محمد المصطفى الأمين ، وعلى آله وأصحابه أجمعين ۔

ہم ، گائڈنس فائی نینشیل گروپ کا شریعہ سپروائزری بورڈ اس بات سے واقف ہیں کہ مرکزی اور صوبائی حکومت کے ادارے بشمول فیڈرل رزرو بورڈ اور انٹرنل ریوینو سروس ، مکانات کے لئے سرمایہ فراہم کرنے والی کمپنیوں سے صارفین کو متعدد وضاحتیں (Disclosures) اور عرضداشت فراہم کرنے کا مطالبہ کرتے ہیں . اس طرح کے ڈسکلوزرس میں قرض (Loan) اور منافع (Interest) جیسی اصطلاحات کا ذکر ہوتا ہے ، اور ایک مالیاتی ادارے کا دوسرے مالیاتی ادارے سے موازنہ کرنے کے لئے سالانہ فی صد شرح کا تخمینہ طلب کرتی ہیں. نیز گورنمنٹ نے ڈسکلوزرس میں ان ترمیمات واصلاحات کو منظوری نہیں دی ہے جو سود سے پاک اسلامی معاملات لین دین کی عکاسی کرتی ہیں.

اس طرح کے ڈسکلوزرس (وضاحتیں اور عرضداشت) اس اسلامی معاہدے کی حقیقت کو نہیں بدلتے جس کی پابندی کا طرفین عہد کرتے ہیں.. لہذا شریعہ سپروائزری بورڈ کو کمپنی پر صارف کو اس طرح کے ڈسکلوزرس فراہم کرنے پر کوئی اعتراض نہیں ہے. مزید برآں شریعہ بورڈ کی نگاہ میں اس طرح کے ڈسکلوزرس جن میں منافع (Interest) کا تذکرہ محض ٹیکس اور دوسرے اغراض کی رپورٹنگ کے لئے ہوتا ہے ، ان شرعی دستاویزات کو جن کی پابندی صارف قبول کرتا ہے ، نہ فاسد کرتے ہیں اور نہ کالعدم کرتے ہیں.

شریعہ بورڈ گائڈنس فائی نینشیل گروپ کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ مختلف صوبائی اور مرکزی اداروں کے ساتھ اپنی کوششیں جاری رکھے تاکہ دستاویزات میں اس انداز میں ترمیم واصلاح ہو سکے کہ وہ کمپنی کے پیش کردہ غیر سودی معاملات کی عکاسی کریں.

بتاریخ ۱۲ اکتوبر ۲۰۰۲ کو اس پر اتفاق کیا

جسٹس محمد تقی عثمانی	ڈاکٹر عبد الستار ابو غدہ
شیخ نظام یعقوبی	شیخ یوسف طلال ڈی لورینزو
ڈاکٹر محمد القری	ڈاکٹر محمد عمران عثمانی